SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XLVIII مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.XLVIII OF 2002

سندھ بلدیاتی حکومت (نویں ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (NINTH AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۱۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ کی دفعہ 181-A کی ترمیم
Amendment of section 181-A of Sindh Local Government Ordinance, 2001

سندھ آرڈیننس نمبر XLVIII مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.XLVIII OF 2002

سندھ بلدیاتی حکومت (نویں ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (NINTH AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[۲۷ دسمبر ۲۰۰۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر نمبر ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ بلدیاتی حکومت (نویں ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ کی دفعہ 181-A کی ترمیم
Amendment of section 181-A of Sindh Local Government Ordinance, 2001

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں، دفعہ 181-A کے لیئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

"ناظمین کا انٹرنل ریکال۔ 181-A۔ جب تک کچھ دفعات ۲۴، ۶۳ اور ۸۵ کے متضاد نہ ہو، تب تک ۳۱ویں دسمبر، ۲۰۰۲ سے پہلے تعلقہ ناظم، ٹاؤن

ناظم یا یونین ناظم کی صورت میں اور ۳۰ویں جون ۲۰۰۳ سے پلے ضلعہ ناظم کی صورت میں انٹرنل ریکال کی تحریک پیش نہیں کی جائے گی۔"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا